بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے

# آرٹ اینڈ ماڈل ڈرائنگ

# 10

Web version of PCTB textbook

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

جملہ حقوق بحق پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور محفوظ ہیں۔
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔


## مصنّف

**ڈاکٹر سعدیہ مرتضیٰ**

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی، لاہور

## ایڈیٹر

**محترمہ سدرہ لیاقت**

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی، لاہور


Web version of PCTB textbook


## ریویو کمیٹی

- پروفیسر احمد بلال: پروفیسر، یونیورسٹی کالج آف آرٹ اینڈ ڈیزائن، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
- پروفیسر صائمہ شریف: اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین، سمن آباد، لاہور
- سعدیہ ذکا: لیکچرار، حضرت عائشہ صدیقہ ماڈل ڈگری کالج، نکلسن روڈ، لاہور

**ماہرِ زبان:**
- ڈاکٹر جمیل الرحمان، سینئر ماہر مضمون (اردو)، پی سی ٹی بی، لاہور
- محمد ظہیر کاشر، ماہر مضمون (اردو)، پی سی ٹی بی، لاہور

**نگرانِ طباعت:**
- سیدہ انجم واصف، ماہر مضمون، پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

**ڈائریکٹر (مسوّدات):** محترمہ ریحانہ فرحت

**ڈپٹی ڈائریکٹر (گرافکس)** سیّدہ انجم واصف

# فہرست


باب 1: ڈرائنگ اور خاکہ کشی-II 1

1.1 بنیادی شیڈنگ کی تکنیک 1

1.2 پورٹریٹ ڈرائنگ 3

1.3 پورٹریٹ ڈرائنگ بنانا 7

پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 1: سر یا چہرے کی بنیادی شکل کا مطالعہ 7

پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 2: سامنے کی طرف سے پورٹریٹ کی بنیادی تقسیم اور تناسب 9

پورٹریٹ کی ڈرائنگ کی مشق نمبر 3: سامنے کا حصہ (Front view) 10

پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 4: سامنے کا حصہ (Front view) 11

پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 5: ایک رخ سے پورٹریٹ کی بنیادی تقسیم اور تناسب 13

پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 6: ایک رخ (Side Profile) 14

پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 7: ایک رخ (Side Profile) 15

پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 8: انسانی چہرے کے نقوش بنانے کی مشق 17

1.4 لائف ڈرائنگ (Life Drawing) 23

لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 1: انسانی جسم کی بنیادی تقسیم اور تناسب 25

لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 2: انسانی جسم کی اناٹومی (Anatomy) 26

(انسانی ڈھانچے اور پٹھوں کا مطالعہ)

لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 3: پٹھوں کا مطالعہ (Study of Muscles) 28

لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 4 29

لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 5 30

لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 6: کھڑے ہوئے انسان کا مطالعہ (پنسل، ڈرائنگ اور آبی رنگوں کا استعمال) 31

لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 7: بیٹھے ہوئے انسان کا مطالعہ (پنسل کا استعمال) 34

لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 8: بیٹھے ہوئے انسان کا مطالعہ (آبی رنگوں کا استعمال) 39

لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 9: مختلف انسانی اعضا کا مطالعہ اور مشق 42

باب 2: پینٹنگ کی مشق-II 52

2.1 پورٹریٹ پینٹنگ (Portrait painting) 52

آبی رنگوں کے ساتھ پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 1 52


Web version of PCTB textbook

| | | |
|---|---|---|
| | آبی رنگوں کے ساتھ پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 2 | 58 |
| | آبی رنگوں کے ساتھ پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 3 | 61 |
| | آبی رنگوں کے ساتھ پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 4 | 64 |
| | پیسٹل کلر کے ساتھ (Pastel colors) سے پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 5 | 67 |
| | پیسٹل کلر کے ساتھ (Pastel colors) سے پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 6 | 70 |
| | پیسٹل کلر کے ساتھ (Pastel colors) سے پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 7 | 72 |
| 2.2 | لینڈ سکیپ (Landscape): پینٹنگ قدرتی نظاروں کی پینٹنگ | 75 |
| | بنیادی پرسپکٹیو (Basic Perspective) | 75 |
| | آبی رنگوں کے ساتھ لینڈ سکیپ کی مشق نمبر 1 | 80 |
| | آبی رنگوں کے ساتھ لینڈ سکیپ کی مشق نمبر 2 | 86 |
| | پیسٹل کلر کے ساتھ (Pastel colors) سے لینڈ سکیپ کی مشق نمبر 3 | 88 |
| | مکس میڈیا (Mix Media) لینڈ سکیپ کی مشق نمبر 4 | 93 |
| **باب 3:** | **گرافک ڈیزائن (Graphic Design)** | 95 |
| 3.1 | پوسٹر (Poster) | 95 |
| | پوسٹر سازی | 95 |
| | تصویروں پر مبنی پوسٹر (Pictorial Composition for Poster Making) | 95 |
| | تحریری یا متنی پوسٹر (Textual Composition for Poster Making) | 101 |
| 3.2 | تشریحی خاکہ (Illustration) | 104 |
| | تشریحی خاکہ کی مشق نمبر 1 | 111 |
| | تشریحی خاکہ کی مشق نمبر 2 | 111 |
| **باب نمبر 4:** | **مجسمہ سازی (Sculpture Making)** | 112 |
| 4.1 | تعارف | 112 |
| 4.2 | مجسمہ سازی | 115 |
| | مجسمہ سازی کی مشق نمبر 1: مکعب / کیوبز (Cubes) بنانے کی مشق | 115 |
| | مجسمہ سازی کی مشق نمبر 2: مٹی سے تین جہتی (3D) پنسل جار بنانا (سلنڈر کی مشق) | 119 |
| | مجسمہ سازی کی مشق نمبر 3: ریلیف مجسمہ (Relief Sculpture 1) بنانے کی مشق | 130 |


Web version of PCTB textbook

ریت پر پاؤں کے نشانوں کا مجسمہ(Sand Cast Relief) 130
مجسمہ سازی کی مشق نمبر 4: پرندے کا گول مجسمہ بنانے کی مشق(Round Sculpture) 137

**باب5: پاکستان میں مجسمہ سازی اور آرکیٹیکچر ل ریلیف کی تاریخ** 154

5.1 وادیٔ سندھ سے ملنے والی مہریں(Seals) 154
5.2 راہب بادشاہ کا مجسمہ 156
5.3 گندھارا تہذیب سے ملنے والا گوتم بدھ کا مجسمہ (فاقہ کی حالت میں) 157
5.4 مکلی قبرستان یا مکلی پہاڑی(Makli Hill) 158
5.5 چوکنڈی مقبرے 161
5.6 پاکستان کے ماہر مجسمہ ساز 165
1۔ شاہد سجاد 165
2۔ رابعہ زبیری 166

**باب6: پاکستان میں سرامکس اور برتن سازی کی تاریخ** 169

6.1 مہر گڑھ سے ملنے والے برتن اور سرامکس 169
6.2 وادیٔ سندھ کی تہذیب کی برتن سازی 171
6.3 پاکستان میں سرامکس کے ماہر فنکار 174
1۔ میاں صلاح الدین 174
2۔ مسعود قصوری 176

**باب7: پاکستانی دست کاری** 178

7.1 دھاتی دست کاری 178
1- وادیِ سندھ کی تہذیب سے ملنے والا کانسی کا مجسمہ 179
2- سکے 180
3- سکوں کی تیاری 184
4- آرمر یا فوجی ہتھیار 188
5- ٹیکنالوجی کے نقصانات 193
7.2 لکڑی کا کام 194
کتابیات 198
امتحانی سوالات کا نمونہ 201
فرہنگ 208

Web version of PCTB textbook

# دیباچہ

یہ کتاب آرٹ اور ماڈل ڈرائنگ، جماعت دہم کے لیے پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ کے منظور شدہ نصاب کے مطابق تیار کی گئی ہے۔
اس کتاب میں پیش کردہ معلومات اس کے مضامین، اس کی مشق اور پاکستان میں آرٹ، ڈیزائن اور فنِ تعمیر کی متعلقہ تاریخ کے عملی استعمال کی ضرورت کو پورا کرتی ہے۔

اس کے اغراض و مقاصد کی بہتر تفہیم کے لیے اس کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ پہلے نصف (باب 1 سے 4 تک) حصّے کا مقصد موضوع کے عملی پہلوؤں کے بارے میں مناسب سمجھ فراہم کرنا ہے: جیسے ڈرائنگ، پینٹنگ، ڈیزائن اور مجسمہ سازی۔ دوسرے حصّے (باب 5 سے 7 تک) کا مقصد پاکستان میں مجسمہ سازی، فنِ تعمیر، مٹی کے برتنوں، سیرامکس اور دست کاری کے فن کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہے۔ ذیل میں ہر باب کی مختصر تفصیل پیش کی جاتی ہے:-

باب 1: انسانی شکل اور پورٹریٹ کو اچھے انداز میں ڈرائنگ کرنے کی مشق کے بارے میں ہے۔ یہ باب کئی مختلف طریقوں سے ڈرائنگ کی مشق کے لیے متعدد مشقیں فراہم کرتا ہے جس سے طلبہ کی مہارت میں اضافہ ہو سکتا ہے اور وہ یہ سمجھ سکتے ہیں کہ وہ مختلف مواد سے ڈرائنگ کی مشق کے ذریعے سے مطلوبہ تصاویر کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔

باب 2: پینٹنگ کی بہتر تفہیم کے ساتھ مصوری کی مشق کے بارے میں ہے۔ طلبہ پورٹریٹ اور لینڈ سکیپ پینٹنگز بنانے کے بارے میں اپنے علم میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ یہ باب مختلف مواد کے ساتھ پینٹنگز کے دونوں زمروں کی مشق کے لیے متعدد مشقیں بھی پیش کرتا ہے۔

باب 3: گرافک ڈیزائن کی مشق کے بارے میں ہے جس میں پوسٹر بنانے کے بہتر طریقوں اور مختلف قسم کی عکاسیوں پر توجہ دی گئی ہے۔

باب 4: کئی مختلف طریقوں سے متعدد مشقوں کے ذریعے سے مجسمہ سازی کی مشق پر مبنی ہے۔

باب 5: پاکستان میں مجسمہ سازی اور آرکیٹیکچرل ریلیف کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے اور اس کے ساتھ پاکستان کے دو مجسمہ سازوں پر مختصر نوٹ بھی فراہم کرتا ہے۔

باب 6: پاکستان میں مٹی کے برتنوں اور مٹی کے برتنوں کی تاریخ کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان کے دو سیرامکس کے فن کاروں کے مختصر نوٹ فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔

باب 7: پاکستانی دست کاری کا بیان ہے۔ یہ دھاتی دست کاری، سکے، ہتھیاروں اور لکڑی کے کام کے بارے میں عمومی معلومات فراہم کرتا ہے۔

(ادارہ)

Web version of PCTB textbook


باب 1

# ڈرائنگ اور خاکہ کشی۔II
# (Drawing and Sketching)

**نوٹ:** طلبہ وطالبات پینسل، چارکول اور گریفائٹ کے سکوں کو استعمال کرتے ہوئے پہلے سے بہتر درجہ کی ڈرائنگ اور خاکہ کشی کی مشقیں کریں گے۔ جن میں مختلف میٹیریل (Different Materials) اور تکنیکوں کا استعمال، اشیا کی بناوٹ اور ساخت کا مطالعہ اور مشاہدہ ان کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنے میں معاون ومددگار ثابت ہوگا۔

## 1.1 بنیادی شیڈنگ کی تکنیک


شیڈنگ ایک ایسا عمل ہے جو کسی بھی شے کی بنیادی شکل کو اس کے حجم، ہیت اور ساخت میں ڈھالنے کے لیے مدد فراہم کرتا ہے۔ یہ ایک سیدھی سطح پر گہرائی کا تاثر ابھارنے کا کام کرتا ہے (اس کام کے لیے نویں جماعت کی کتاب کے باب نمبر دو کی دہرائی کریں۔) اور نیچے دی گئی تصویروں میں پینسل کے استعمال کے طریقوں کا مطالعہ اور مشاہدہ کریں۔ (شکل 1.1 اور 1.2)




شکل 1.1: پنسل کے سکے کو استعمال کرنے کے مختلف طریقے

Web version of PCTB textbook

# نرم سکے کی پنسل اور چارکول سے بنائے جانے والے نشانات




شکل 1.2: پنسل اور چارکول کے نشانات سے شیڈنگ کے طریقے

Web version of PCTB textbook




شکل 1.3: پنسل کے مختلف نمبر اور شیڈ

Web version of PCTB textbook

## 1.2 پورٹریٹ ڈرائنگ (Portrait Drawing)

پورٹریٹ ڈرائنگ کسی بھی شخصیت اور جانور کے چہرے یا پورے سر کی تصویر کشی کا نام ہے جس میں کسی ایک شخص یا ایک سے زیادہ شخصیات کے چہروں کو بنانا (Group Portrait) شامل ہے۔

روایتی طور پر چہرے کی تصویر کشی کے لیے لوگوں کو مصور کے سامنے بٹھایا جاتا ہے لیکن موجودہ دور میں وقت کی بچت کی غرض سے اور زیادہ دیر مصور کے سامنے بیٹھے رہنے سے بچنے کے لیے لوگ اپنی فوٹو گراف فراہم کر دیتے ہیں۔

بین الاقوامی سطح پر دنیا میں ایسے بہت سے پورٹریٹ بنائے گئے ہیں جنہوں نے دنیا بھر میں شہرت حاصل کی۔ مثلاً: مونا لیزا کا پورٹریٹ جسے لیونارڈو۔ڈا۔ونچی (Leonar da Vinci) نے 1517ء میں بنایا (شکل 1.4)، موتی کے بُندے والی لڑکی (A girl with pearl earring) جسے ورمیئر (Vermeer) نے 1665ء میں بنایا (شکل 1.5) اور میڈم ایکس جسے جون سگر سارجنٹ نے 1884ء میں بنایا وغیرہ۔

پاکستان میں بھی ایسے بہت سے مصور ہیں جنھوں نے پورٹریٹ بنانے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ ان میں کچھ کے نام اور مثالیں مندرجہ ذیل ہیں۔

سعید اختر (شکل 1.6)، مسرت حسن (شکل 1.7)، اقبال حسین (شکل 1.8)، راحت نوید مسعود (شکل 1.9)، ملیحہ اعظمی آغا (شکل 1.10) اور علی عظمت (شکل 1.11) وغیرہ۔



**شکل 1.4:** لیونارڈو۔ڈا۔ونچی، مونا لیزا، آئل پینٹ، 33×77 سینٹی میٹر، لورے پیرس، فرانس



**شکل 1.5:** ورمیئر، موتی کے بندے والی لڑکی، آئل پینٹ، 39×44.5 سینٹی میٹر، نیدر لینڈ



**شکل 1.6:** سعید اختر، پورٹریٹ ڈرائنگ، چارکول کا کاغذ پر استعمال۔ لاہور

Web version of PCTB textbook



شکل 1.7: مسرت حسن، گروپ پورٹریٹ، آئل پینٹ، مصور کی ذاتی ملکیت میں۔ P-2، گلبرگ لاہور



شکل 1.8: اقبال حسین مصور کا اپنا پورٹریٹ، آئل پینٹ، لاہور



شکل 1.9: راحت نوید مسعود، مصور کا اپنا پورٹریٹ، آئل پینٹ، مصور کی ذاتی ملکیت میں 98 کے فیز 2، ڈی۔ایچ۔اے (DHA) لاہور

Web version of PCTB textbook



**شکل نمبر 1.10:** علیمہ عظمیٰ آغا، مصور کا اپنا پورٹریٹ، ایکریلکس پینٹ، حمائل آرٹ گیلری لاہور




**شکل 1.11:** علی عظمت، ایک خاتون کا پورٹریٹ، چارکول کاغذ کا استعمال، مصور کی ذاتی ملکیت، لاہور


Web version of PCTB textbook

## 1.3 پورٹریٹ ڈرائنگ بنانا


### پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 1 : سر یا چہرے کی بنیادی شکل کا مطالعہ

**نوٹ:** طلبا وطالبات سر یا چہرے کی ایک مناسب تقسیم وتناسب کو نیچے بیان کی گئی تفصیل کے مطابق سیکھیں گے تا کہ وہ بنیادی ڈھانچے کی سمجھ بوجھ کے ساتھ چہرے کے نقوش کی تقسیم وتناسب کی تصویر کشی کر سکیں۔






1۔ سر کی بنیادی شکل کا مشاہدہ کریں جو کسی دائرے یا گیند کی طرح معلوم ہوتی ہے۔اس گیند نما دائرے کی شکل کو دونوں اطراف سے اوپر دی گئی شکل کے مطابق کاٹا جائے گا تا کہ سامنے کی طرف والے چہرے کی بناوٹ کو سمجھا جا سکے۔






2۔ انسانی سر سیدھا یا فلیٹ (Flat) نہیں ہوتا۔ یہ تین جہتی (Three Dimensional) ہوتا ہے جیسے کوئی گیند ہوتی ہے (اوپر دی گئی شکل کا مشاہدہ کریں) اب انسانی کھوپڑی اور انسانی سر کی ساخت اور ہیئت کا مشاہدہ کریں۔ایک گیند نما شکل کھوپڑی کے اوپر حصے کی ساخت اور ہیئت کو واضح کر رہی ہے جبکہ ناک، ہونٹ اور ٹھوڑی اس گیند نما سے باہر محسوس ہوتی ہیں،(اس تصویر کے مشاہدے سے یک طرفہ چہرے کی بناوٹ اور تقسیم کو سمجھا جا سکتا ہے)

Web version of PCTB textbook




3۔ اب یہ تصویر چہرے کے سامنے کے حصے اور ایک طرف (side) کے حصے کو سمجھنے میں مددگار ثابت ہوگی۔




4۔ اب یہ تصویر چہرے کو مختلف اطراف سے سمجھنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ سامنے کی جانب سے اور دونوں اطراف سے۔


Web version of PCTB textbook

## پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 2 : سامنے کی طرف سے پورٹریٹ کی بنیادی تقسیم وتناسب

یہ تصویر چہرے کی بنیادی حصوں کی تقسیم واضح کر رہی ہے۔جس میں چہرے کو دو حصے افقی سمت میں اور دو حصے عمودی سمت میں تقسیم کیا گیا ہے۔سرخ لکیریں سب سے اوپر اور سب سے نیچے حصے کی حد کی نشاندہی ہیں۔آنکھیں اس ساری تقسیم کے مطابق بالکل درمیانی لکیر پر بنائی گئی ہیں (واقعی درمیانی لکیر پر)۔افقی تقسیم کے مطابق نیچے کا آدھا حصہ (آنکھوں سے ٹھوڑی تک) واضح کرتا ہے کہ ناک کو کس جگہ تک بنانا ہے۔ایک دفعہ پھر سے اس تصویر کا مشاہدہ کریں، آپ کو معلوم ہوگا کہ نیچے کے آدھے حصے کی مزید دو برابر حصوں میں تقسیم سے (ناک کے نیچے سے ٹھوڑی تک) یہ واضح کرنا ہے کہ ہونٹوں کی نچلی حد کیا ہو سکتی ہے۔

اوپر کے آدھے حصے کا مشاہدہ کریں تو معلوم ہوگا اگر اس حصے کو افقی سمت تین برابر حصوں میں تقسیم کریں تو ایک تہائی اوپر والے حصے میں بال بنائے جا سکتے ہیں۔درمیانی لکیر پر بنائی جانے والی آنکھوں کے اوپر کے حصے پر ابرو یعنی بھنویں اور کان کے اوپر کی حد تقریباً برابر ہیں۔


آنکھوں کو متوازن طریقے سے سر کے دونوں جانب عمودی تقسیم کے مطابق بنایا جائے گا۔ناک کے نیچے کی حد اور کان کے نیچے کی حد کا مشاہدہ کریں۔




Web version of PCTB textbook

## پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 3: سامنے کا حصہ (Front View)

نیچے دی گئی تصویر کے مطابق طلبا و طالبات چہرے کے نقوش اور نارمل تقسیم و تناسب کی مشق کریں اور نیچے دی گئی مشق میں سکھائی گئی چہرے کی مناسب تقسیم اور تناسب کی دہرائی بھی کریں۔





کوآنگ نگوین (Cuong Nguyen) ایک ویت نامی مصور کی پورٹریٹ ڈرائنگ

Web version of PCTB textbook


## پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 4: سامنے کا حصہ (Front View)

اس بار اساتذہ کسی شخص کو ماڈل کے طور پر طلبا و طالبات کے سامنے بٹھائیں اور انھیں براہِ راست انسانی سر اور چہرے کی بناوٹ، ساخت اور ہیئت کا مشاہدہ کرنے کا موقع دیں اور پھر طلبا و طالبات کسی رشتہ دار یا دوست کی تصویر کا استعمال کرتے ہوئے بھی سامنے کے حصے سے پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق کریں۔ طلبا و طالبات نیچے دی گئی شخصیات کی تصاویر کو بھی اس مشق کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔



Web version of PCTB textbook


شکل 1.12: قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ



Web version of PCTB textbook

شکل 1.13: البرٹ آئن سٹائن

## پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 5: ایک رخ سے پورٹریٹ کی بنیادی تقسیم وتناسب





Web version of PCTB textbook

چہرے کو بالکل ایک طرف (Side Profile) سے بنانے کے لیے کھوپڑی کے اوپری حصے کے دائرے سے شروع کریں۔ ناک، ٹھوڑی اور ہونٹ اس دائرے کے باہر جبکہ آنکھیں اور کان دائرے کے اندر ہی رہیں گے۔ ٹوٹی ہوئی دو عدد لکیریں (Dashed Line) جو کہ قدرے ترچھی ہیں ناک اور کان کے متوازی ترچھے پن کی نشاندہی کر رہی ہیں۔ کان درمیانی عمودی لکیر کے بالکل پیچھے بنایا جاتا ہے اور کان کے اوپر کی حد آنکھ کے ابرو (Eye Brow) کے برابر سے شروع ہوتی ہے جو ایک افقی لکیر سے ظاہر کی گئی ہے جبکہ کان کے نیچے کی حد کا تعین ناک کی نیچے کی حد سے کیا جاتا ہے اور یہ بھی ایک افقی لکیر سے واضح کیا گیا ہے۔ چہرے کے باقی نقوش کی تقسیم اور تناسب ایسے ہی ہوگی جیسا کہ سامنے کے چہرے کی مشق میں بیان کیا گیا ہے۔

## پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 6: ایک رخ (Side Profile)

ایک رخ سے چہرے کے نارمل خدوخال اور نقوش کی مناسب تقسیم و تناسب کی مشق کرنے کے لیے مندرجہ ذیل کو کوآنگ نگوین Cuong Nguyen (ایک ویت نامی مصور) کا ڈرائنگ بنانے کا مرحلہ وار عمل معاون و مددگار ثابت ہوگا۔



Web version of PCTB textbook

## پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 7: ایک رخ (Side Profile)

اس بار طلبا وطالبات ایک رخ سے چہرے کی خاکہ کشی کرنے کے لیے کسی شخصیت کو سامنے بٹھا کر یا پھر فیملی کے کسی فرد یا دوست کی تصویر کا مشاہدہ کریں گے۔ اس مشق کو دہرانے کے لیے نیچے دی گئی تصاویر کو بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔



Web version of PCTB textbook

شکل 1.14: ایک چینی مصور زو وینگ وہ کا بنایا ہوا کسی شگفتہ خاتون کا پورٹریٹ




شکل 1.15: فیض احمد فیض، 20 نومبر 2017ء کو ایکسپریس انٹرنیشنل نیوز سروس نے فیض احمد فیض کی یہ تصویر جاری کی۔

Web version of PCTB textbook


## پورٹریٹ ڈرائنگ کی مشق نمبر 8: چہرے کے نقوش کو بنانے کی مشق


طلبا و طالبات چہرے کے نقوش کی شکل اور ہیئت کو سمجھنے اور ان کی خاکہ کشی میں مہارت حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل مشقوں کو کئی بار دہرائیں۔

### آنکھ کی مشق



Web version of PCTB textbook








Web version of PCTB textbook


# ناک کی مشق






Web version of PCTB textbook


# کان کی مشق




Web version of PCTB textbook

## ہونٹوں کی مشق





Web version of PCTB textbook



Web version of PCTB textbook

## 1.4 لائف ڈرائنگ (Life Drawing)

لائف ڈرائنگ ایک اصطلاح ہے جو عموماً انسانی جسم کی ڈرائنگ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ یہ مصوروں کے لیے ایک دلچسپ موضوع کی حیثیت رکھتی ہے اور ہمیشہ سے مصوروں اور آرٹ کے دلدادہ لوگوں کے لیے دلفریب اور با معنی رہی ہے۔ یہ انسانی جسم کے خدوخال اور ساخت کو سمجھنے اور سراہنے کا ایک انداز تصور کی جاتی ہے۔

### لائف ڈرائنگ کی مثالیں

لائف ڈرائنگ کی ایسی بہت سی مثالیں ہیں جو کہ پرانے مغربی استاد مصوروں نے انسانی جسم کو سراہنے کے طور پر تشکیل دیں۔ ان میں سے بہت ساری برہنہ اجسام پر مبنی ہیں لیکن کئی اہم مثالیں مختلف ملبوسات کے ساتھ بھی بنائی گئیں جو قابلِ ذکر ہیں۔ پاکستان میں بھی یہ موضوع مصور برادری میں یکساں طور پر مشہور ہے اور پاکستان میں بھی ایک بڑی تعداد میں لائف ڈرائنگز بنائی جاتی ہیں۔





شکل 1.16: آر۔ ایم۔ نعیم، ڈرائنگ، کاغذ پر پنسل کے ساتھ، 2013، لاہور

شکل 1.17: لیونارڈو۔ ڈا۔ ونچی، ورجن اینڈ چائلڈ ود سینٹ این، نیشنل گیلری لندن




شکل 1.18: آر۔ایم۔نعیم، ڈرائنگ، کاغذ پر پنسل کے ساتھ، لاہور

Web version of PCTB textbook



شکل 1.19: عمیرہ فاروقی، ڈرائنگ، پین اینڈ انک، پاکستان

# لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 1: انسانی جسم کی بنیادی تقسیم اور تناسب




Web version of PCTB textbook

**آدمی کے جسم کا تناسب:** ایک عام آدمی کا پورا جسم یا سائز مختلف شخصیات کے قد اور جسامت کے حساب سے کچھ کم یا زیادہ بھی ہو سکتا ہے۔

**عورت کے جسم کا تناسب:** ایک عام عورت کا پورا جسم تقریباً 7 سروں کے سائز کے برابر اونچا ہوتا ہے جو غالباً آدمیوں سے (1/2) آدھے سر کے سائز کے برابر چھوٹا ہوتا ہے۔ اکثر اوقات مصور خواتین کے اجسام کو کچھ لمبا کر کے بناتے ہیں خاص طور پر فیشن ڈرائنگ میں۔ عام طور پر خواتین کے کندھے کم چوڑے اور کمر آدمیوں کی نسبت پتلی بنائی جاتی ہے جبکہ انھیں کولھوں سے تھوڑا چوڑا بنایا جاتا ہے۔

## لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 2: انسانی جسم کی اناٹومی (Anatomy)

### انسانی ڈھانچے اور پٹھوں کا مطالعہ



Web version of PCTB textbook

طلبا و طالبات کو انسانی ڈھانچے کو سامنے اور ایک طرف سے ڈرائنگ کرنے کی مشق کروائی جائے تا کہ وہ انسانی ہڈیوں اور جسم کی بنیادی شکل اور ساخت کو سمجھ سکیں۔ اس مشق کے ذریعے سے وہ انسانی جسم کو کافی حد تک ٹھیک شکل و ہیئت کے مطابق بنانے میں مہارت حاصل کر سکیں گے۔


اوپر دی گئی مشقوں کے علاوہ طلبہ وطالبات مندرجہ ذیل مشق دہرا سکتے ہیں۔اس میں ہڈیوں کے ڈھانچے کو انسانی جسم کے خدوخال کو ایک آؤٹ لائن کی صورت میں واضح طور پر دکھایا گیا ہے۔



Web version of PCTB textbook

## لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 3: پٹھوں کا مطالعہ (Study of Muscles)

ہڈیوں کے ڈھانچے اور انسانی جسم کے خدوخال کو واضح کرتی آؤٹ لائن کی مشق کرنے کے بعد طلبا و طالبات مردانہ جسم کے پٹھوں کا سامنے کی طرف اور پیچھے کی طرف سے مطالعہ کریں گے۔ یہ مشق انھیں براہِ راست کسی شخصیت کے جسم کی ساخت کا مشاہدہ کرنے میں معاون و مددگار ثابت ہوگی۔




Web version of PCTB textbook

**سامنے کی جانب:** ٹارسو (Torso) یعنی کولھوں سے اوپر کا دھڑ اور پٹھے، گردن سے کندھوں تک، سینے کے اوپر، پسلیوں کے نیچے اور اردگرد اور پھر کولھوں سے ٹانگوں تک کے پٹھے جسم کی حرکت کو کنٹرول کرتے ہیں اور ہڈیوں کے ڈھانچے کو ایک جسم میں ڈھالتے ہیں۔

**پیچھے کی جانب:** ٹارسو کے پیچھے کی جانب کمر کے پٹھے عام طور پر پوری کمر میں پھیلے ہوئے ہوتے ہیں نا کہ آگے کی طرح کچھ اوپر کے حصے اور کچھ نیچے کے حصے میں۔ یہ پٹھے پورے جسم کو کھڑی حالت میں رکھنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ جب اعضا یعنی ہاتھوں پیروں کو اوپر نیچے یا آگے پیچھے حرکت دی جاتی ہے تو یہ پٹھے مضبوطی سے پوری کمر میں پھیلتے اور سکڑتے ہیں۔

## لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 4:

نیچے دی گئی شکل کے مطابق طلبا و طالبات انسانی جسم کی ایک سادہ ڈبہ نما (box) ساخت کا مطالعہ کرتے ہوئے ڈرائنگ کی مشق کریں گے جو انھیں انسانی جسم کی ساخت، شکل و ہیئت کو بہتر طور پر سمجھنے میں مددگار ثابت ہوگی۔



Web version of PCTB textbook

## لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 5:

انسانی جسم کی بنیادی شکل و ہیئت کی ڈرائنگ کی کئی مشقیں کرنے کے بعد طلبا و طالبات جسم کے پٹھوں، ہڈیوں اور خدوخال سے بخوبی واقف ہوجائیں گے۔اب اساتذہ کسی بھی شخصیت کی براہِ راست ڈرائنگ کرنے کے لیے ایک ماڈل کا انتظام کریں اور طلبہ و طالبات اسے کھڑی ہوئی حالت میں بنائیں۔اس مشق کو کرنے کے لیے مندرجہ ذیل ہدایات اور مثالیں مددگار ثابت ہوں گی۔



Web version of PCTB textbook



1۔ کسی کھڑے ہوئے شخص کی فوٹوگراف کا انتخاب کریں اور اوپر دی گئی مثال کے مطابق مرحلہ وار ڈرائنگ کرتے ہوئے تفصیل میں اضافہ کرتے جائیں۔

شکل 1.20: وارن چینگ، لائف ڈرائنگ، کاغذ پر چارکول کا استعمال، 13x17

# لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 6: کھڑے ہوئے انسان کا مطالعہ: پنسل ڈرائنگ اور آبی رنگوں کا استعمال

مندرجہ ذیل مشق گوان آرٹ اکیڈمی سے ماخوذ ہے۔



Web version of PCTB textbook

1۔ ایک نرم پنسل سے اوپر دی گئی تصویر کے مطابق ایک کھڑے ہوئے شخص کی ڈرائنگ کریں۔ کپڑوں کی سلوٹوں اور جسم کی ساخت کو روشنی کی سمت کا یقین کرتے ہوئے ڈرائنگ سرانجام دیں۔



Web version of PCTB textbook

2۔ کپڑوں کی تفصیل میں اضافہ کرنے کے لیے آبی رنگوں کی پتلی تہ اور کچھ جگہوں پر بڑی احتیاط سے مشاہدہ کرتے ہوئے گہرے رنگوں کو لگانے سے ڈرائنگ کے معیار میں ہی اضافہ نہیں ہوگا بلکہ طلبہ کے غور کرنے اور مشاہدہ کے بعد جہاں مناسب ہو رنگ لگانے کی صلاحیت میں بھی اضافہ ہوگا۔



Web version of PCTB textbook

3۔ گہرے سایوں والے حصوں اور کپڑے کی گہری سلوٹوں پر آبی رنگوں کی گہری تہ کا اضافہ کریں، اسی طرح بالوں، چہرے اور جوتوں جہاں کے گہرے رنگ محسوس ہوں آبی رنگوں کی گہری تہ سے اپنی ڈرائنگ کو مکمل کریں۔

## لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 7:  بیٹھے ہوئے انسان کا مطالعہ (پنسل کا استعمال)

اس مشق میں طلبہ وطالبات کسی مرد یا خاتون ماڈل کو بیٹھی ہوئی حالت میں بنائیں گے۔ مندرجہ ذیل مثال اور ہدایات اس مشق کو مؤثر انداز میں کرنے کے لیے مددگار ثابت ہوں گی۔



Web version of PCTB textbook

1۔ روشنی کی سمت کا تعین اور روشنی کا ماخذ لائف ڈرائنگ کے عمل میں خاصی اہمیت کا حامل ہے۔ جب کبھی کسی بیٹھے ہوئے شخص کو ڈرائنگ کے لیے ماڈل کے طور پر منتخب کیا جاتا ہے تو اس کے جسم پر ایک طرف سے پڑنے والی روشنی جسم کی ساخت، شکل اور گہرائی کے تاثر کو سمجھنے میں بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ چناں چہ ماڈل کو بٹھانے کے لیے کسی کھڑکی کے قریب کی جگہ کا انتخاب کریں یا یک طرفہ روشنی کا انتظام کریں۔


Web version of PCTB textbook

2۔ دی گئی تصویر کے مطابق بیٹھی ہوئی خاتون کا بنیادی خاکہ بنانے کے لیے نرم سکے کی ہلکی رنگت والی پنسل کا انتخاب کریں۔ بیٹھی ہوئی خاتون کا چہرہ بالکل ایک طرف سے دکھائی دے رہا ہے کیوں کہ وہ کھڑکیسے باہر دیکھ رہی ہے اور باہر سے آنے والے روشنی کی طرف متوجہ ہے۔



Web version of PCTB textbook

3۔ اب نرم اور ہلکی رنگ کی پنسل کے بجائے نرم سکے کی گہری پنسل کو استعمال کرتے ہوئے بالوں، چہرے اور جسم کے مختلف حصوں کی تفصیل میں اضافہ کریں۔ اس عمل کے دوران روشنی کے تاثر کو ملحوظِ خاطر رکھیں۔



Web version of PCTB textbook

4۔ جِلد (skin) کو شیڈ کرنے کے لیے ہلکے ترچھے سٹروک لگائیں لیکن جہاں روشنی زیادہ پڑ رہی ہے وہاں جگہ خالی رہنے دیں۔ قمیص پر بنی دھاریوں اور لکیروں کو جسم کے خدوخال کے مطابق بنائیں پھر آہستہ آہستہ سلوٹوں اور موڑے ہوئے کپڑے کی تفصیل میں اضافہ کرتے جائیں لیکن تیز روشنی والے حصوں پر کاغذ کو خالی چھوڑ دیں۔ فرش پر بننے والے سائے کو روشنی کی سمت کے مطابق بنائیں اور جو سطحیں گہرائی میں ہیں یا گہرے سایوں میں ہیں ان کو گہرے رنگ کی نرم پنسل سے نسبتاً گہرا شیڈ دیں۔



Web version of PCTB textbook

5۔ اب گہرے رنگ کی B نمبر والی پنسل کا استعمال کریں اور پنسل کی باریک نوک استعمال کرتے ہوئے چہرے کی تفصیل میں اضافہ کریں، بالوں اور قمیص پر بنی لکیروں کو قدرے گہرے رنگ کے اسٹروک لگاتے ہوئے واضح کریں۔

6۔ اب جینز (Jeans) کے رنگ کو واضح کرنے کے لیے بھی گہری B نمبر والی پنسل کا استعمال کریں اور جسم کی ساخت اور بناوٹ کا مشاہدہ کرتے ہوئے گہرے سائے والے حصے کو گہرا شیڈ کریں جبکہ روشنی کے تاثر والے حصے کو ہلکا رکھیں۔ اس کے بعد کرسی، سایوں، پیچھے کی جانب فرش کے ساتھ بنے دیوار کے حصے اور بالآخر جوتوں کی تفصیل پر اس طرح کام کریں کہ ہلکے اور روشنی میں محسوس ہونے والی سطح کو چھوڑتے ہوئے سایوں والے حصوں میں گہرے رنگ کے سٹروک لگائیں۔ جوتوں کے بالکل نیچے بننے والے سائے قدرے گہرے جب کہ یہ جہاں نیچے کی طرف پھیل رہے ہیں۔ روشنی کے تاثر کی وجہ سے نسبتاً ہلکے بنائے جائیں گے۔

# لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 8: بیٹھے ہوئے انسان کا مطالعہ (آبی رنگوں کا استعمال)

نیچے دی گئی ڈرائنگ اور ہدایات گوان آرٹ اکیڈمی سے ماخوذ ہیں۔



1۔ بیٹھی ہوئی پوزیشن کا خاکہ ہلکی رنگت کی پنسل سے اس طرح بنائیں کہ کپڑوں پر پڑی سلوٹوں اور دوسری اشیا کی تفصیل واضح ہو جائے۔



2۔ جسم اور کپڑے کے گہرے اور ہلکے محسوس ہونے والے حصوں کا مشاہدہ کریں اور آہستہ آہستہ کپڑوں اور جلد کی رنگت کو آبی رنگوں کی ہلکی ہلکی تہ لگاتے ہوئے اجاگر کریں۔

Web version of PCTB textbook



3۔ گہرے سایوں والے حصوں میں گہرے رنگوں کی تہ لگائیں خاص طور پر سٹول(Stool) کے نیچے، پاجامے پر اور فرش پر بننے والے سایوں پر۔



4۔ جلد کی رنگت کو مزید نکھارنے کے لیے فریش نارنجی، گلابی اور پیچ(Peach) کلر کا اضافہ کریں۔ کپڑوں پر بھی تصویر کے مطابق کچھ گہرے رنگوں کا اضافہ کریں۔ دیوار پر بننے والے سائے اور فرش پر بننے والے عکس کو بھی گہرے رنگوں سے واضح کریں۔

Web version of PCTB textbook


Web version of PCTB textbook

5۔ ڈرائنگ کو مکمل کرنے کے لیے بالوں، چہرے، ناخن اور سٹول پر محسوس ہونے والی چمک یعنی ہائی لائیٹس (Highlights) کو باریک واٹر کلر برش کی مدد سے بنائیں۔ اسی طرح جینز جیکٹ کی گہری لکیریں بھی بنائیں۔ بڑے اور چوڑے برش کا استعمال کرتے ہوئے پیچھے دیوار اور فرش پر گہرے سٹروک کا اضافہ کریں۔


# لائف ڈرائنگ کی مشق نمبر 9: مختلف انسانی اعضاء کا مطالعہ اور مشق

مختلف انسانی اعضا کا مطالعہ اور مشق مختلف انسانی اعضا مثلاً: ہاتھ، پاؤں، دھڑ اور ٹانگیں وغیرہ بنانے کی مشق کے ذریعے سے طلبا و طالبات اچھے معیار کی لائف ڈرائنگ کرنے کے قابل ہو جائیں گے جن سے ان کی مشاہدہ کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

## ہاتھوں کی خاکہ کشی کی مشق




Web version of PCTB textbook






Web version of PCTB textbook









Web version of PCTB textbook

## پیروں کی خاکہ کشی کی مشق


کوریا کے ایک فن کار وان جن جی۔آئی۔ایم کی ڈرائنگ۔ یہ فنکار Seoul میں کام کرتا ہے اور وہیں رہائش پذیر ہے۔اس نے وِلیز (Willeys) کے عرفی نام سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔





Web version of PCTB textbook





Web version of PCTB textbook




ایک کوریئن فن کار کی ڈرائنگ جن کا نام وان جن جی۔ آئی۔ ایم ہے اور دنیا میں اپنے عرفی نام ولیز (Willeys) سے جانے جاتے ہیں۔

Web version of PCTB textbook

## ٹانگوں کی خاکہ کشی کی مشق





Web version of PCTB textbook



Web version of PCTB textbook

## دھڑ کی خاکہ کشی کی مشق





Web version of PCTB textbook







Web version of PCTB textbook